محترم دوست جناب محمد ممتاز اقبال ملک سرانجام دے رہے ہیں، ہلال کے عام شمارے بھی دینی معلومات اور جذبہ جہاد سے سرشار کرنے والے مضامین سے بھرپور ہوتے ہیں، مگر جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت کے حوالے سے "ہلال" کی جو خصوصی اشاعتیں اب تک سامنے آئی ہیں وہ آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ادارہ اور مدیر کی والہانہ شیفتگی اور عشق رسول ﷺ کے جذبہ وکیف کی آئینہ دار ہیں زیر نظر شمارہ "ہلال" کا سالنامہ ہے اور اسے جناب رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت کے حوالے سے" اشاعتِ خصوصی" کا عنوان دیا گیا ہے جو اپنے بیش قیمت معلوماتی مواد اور حسنِ ترتیب کے لحاظ سے سیرت النبی ﷺ کے سلسلہ میں لٹریچر میں ایک قابلِ قدر اضافہ ہے۔

اکسیر محبت

تالیف: الحاج سرور میواتی صفحات: ۲۴، طباعت وکتابت معیاری

ناشران: البائن انڈسٹریل کون لمیٹیڈ ۳۰۵/۲ جی ٹی روڈ باغبانپورہ لاہور

الحاج سرور میواتی ہمارے محترم بزرگ اور درد دل سے بہرہ ور شاعر ہیں جن کی شاعری عشقِ رسول ﷺ، مدح صحابہؓ اور اصلاح المسلمین کے لیے وقف ہے زیر نظر رسالہ میں انہوں نے عام مسلمانوں کی اصلاح کیلیے قرآن کریم کی منتخب آیات اور جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات کا ایک گلدستہ پیش کیا ہے جسے افادۂ عام کیلیے مفت تقسیم کیا جا رہا ہے۔

مدیر الشریعۃ کی بیرونِ ملک روانگی

مدیر "الشریعۃ" ماہِ رواں کے آغاز میں بیرونی ممالک کے سفر پر روانہ ہو گئے ہیں وہ اس دوران برطانیہ، امریکہ، کینیڈا، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات میں احباب سے ملاقاتوں کے علاوہ مختلف اجتماعات سے خطاب کریں گے اور حرمین شریفین کی حاضری کے بعد دسمبر کے اختتام تک وطن واپس آجائیں گے۔ انشاء اللہ العزیز (ادارہ)